Text of Mid-Day Urdu News Bulletin Dated 05-07-2026 of 1230-12:35 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

خبروں کا بلیٹن لیکر مینشیخ انوار الحق

امرناتھ

شری امرناتھ جی یاترا بحسن خوبی جاری ہے اور اس سال اس یاترا کا آغاز یاتریوں کی حوصلہ افزا تعداد سے ہوا ہے، جس کے چلتے پہلے دو روز میں 32ہزار 313 یاتریوں نے پَوتر گپھا میں حاضری دی-اس میں پہلے دن درشن کرنے والوں کی تعداد 14ہزار515ہے جبکہ دوسرے دن 20ہزار ایک سو 45یاتریوننے شیولنگم کے درشن کئے-

آج بھی بالتل اور نُن وَن کے بنیادی کیمپوں سے کئی ہزار یاتریوں کو پَوِتر گپھا کی طرف روانہ کیا گیاجبکہ جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے آج بھی 6ہزار 721 یاتری وادی پہنچ رہے ہیں-

یاترا کے راستوں پر
شردھالوو

---

ں کی سہولت کیلئے سلامتی سمیت تمام تر انتظامات دستیاب کرائے گئے ہیں-اس بارے میں کئی ۂ
....Yatris.... یاتریوں کا کہنا ہے-

آج دن میں 11بجے تک مزید 10ہزار319 یاتریوں نے پَوِتر گپھا میں حاضری دی ہے-

ایل جی یاترا

اسی دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگرمیں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جاری سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کی کلہم نظامت اور زمینی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا-

ایل جی نے کہا کہ اس سال یاترا ٹریکس پر یاتریوں کی تعداد سے متعلق سپریم کورٹ کے احکامات پر عمل کیا جارہاہےلہٰذا یاتریوں کی سلامتی اور سہولت کیلئے رجسٹریشن شیڈول پر عمل کرنا لازمی ہے-

ایل جی نے تمام محکموں اور سلامتی ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سبھی متعلقین بشمول لنگر تنظیموں ،خدمت فراہم کنندگان اور دیگر غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کریں-

سپریم کورٹ

عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے،جن شردھالوؤں نے پیشگی رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ کرکے اپنااندراج کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔

ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر یاترا شروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے دوسرے اور تیسرے زمرے کے شہرونئیز دوردراز علاقوں میں ہوائی سفر کو ایک نئی جہت دینے کی غرض سے وکست اُڑان اسکیم کے نئے مرحلے کی شروعات کی ہے۔ اس اسکیم کے تحت 28ہزار 840کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں، جن کے استعمال سے ایسے شہروں میں ہوائی رابطے کو مزید مضبوط بنایا جاسکے گا۔

سیمی کنڈکٹر پلانٹ CG اسی دوران وزیراعظم نے گجرات کے ساننند علاقے میں شروع کئے گئے کو ملک کے الیکٹرانوی انقلاب کا اگلا قدم قرار دیا ہے۔

پلانٹ کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس میں ہر Out sourced انہوں نے اس جدید ترین سال 20کروڑچِپس تیار کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ وزیراعظم نے پلانٹ میں کام کرنے والے انجینئروں اور دیگر ملازمین کی محنت کی سراہنا کی۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈّے کی رَن وے بند کرنے سے متعلق مجوزہ منصوبے کو رد کرنے پر مرکزی سرکار کا شکریہ ادا کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ اس فیصلے سے جموں وکشمیر میں بلاخلل ہوائی رابطہ دستیاب رہے گا اور ہوائی سفر کرنے والے مسافروں کو راحت ملے گی۔

عمرعبداللہ نے کہا کہ جموں وکشمیر کے عوام ، تاجروں اور سیاحت سے جڑے افراد کے مفادات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انہوں نے یہ معاملہ ذاتی طور پر مرکز کے ساتھ اٹھایا تھا۔انہوں نے کہا کہ سیاحتی سیزن کے دوران ہوائی رابطے کا برقرار رہنا جموں وکشمیر کی معیشت کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے لاکھوں روپے ایک بینک فراڈ معاملے میں فردِ جرم داخل کی۔ اس سلسلے میں ایک پریس رلیز میں کرائم برانچ نے کہا ہے کہ یہ چارج شیٹ چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر کی عدالت میں داخل کی گئی ہے، جس میں غلط طریقے سے قرضہ حاصل کرنے کی پاداش میں کئی افراد کے نام درج ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ قصوروار افراد نے جعلی دستاویزات پیش کرکے سال 2007میں جموں وکشمیر بینک کی ریزیڈنسی روڑ کی شاخ سے 30لاکھ روپے کا سی سی قرضہ اور زینہ کوٹ شاخ سے مزید 30لاکھ روپے کا ٹرم لون حاصل کیا تھا۔

آدھار

عام لوگوں کی سہولیات کے لئے بھارت کی منفرد شناختی اتھارٹی نے آدھار میں ای میل کا اندراج کرانے کی سہولت دستیاب کرائی ہے۔

خواہشمند افراد ای میل کا اندراج یا اپ ڈیٹ آدھارایپ کے ذریعے کرسکتے ہیں۔ یہ سہولت یکم جولائی کو متعارف کی گئی ہے اور آئندہ چھ ماہ تک دستیاب رہے گی۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ